FRONTEX

URDU

# Frontex میں شکایات درج کرنے کا حق



# آپ کے انسانی حقوق اور بنیادی آزادی

آپ جسمانی اور دماغی صحت، احترام کے سلوک، پناہ کے حصول اور امتیازی سلوک کا شکار نہ ہونے کا حق رکھتے ہیں۔ یہ ان بنیادی حقوق میں شامل ہیں جن کا یورپی قوانین میں ذکر کیا گیا ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ Frontex, یورپی بارڈر اینڈ کوسٹ گارڈ ایجنسی، کی کسی بھی سرگرمی سے آپ کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہو تو آپ  شکایات کا حق رکھتے ہیں۔

یہ ایجنسی یورپی اتحاد (EU) کے رکن ممالک کو یورپی اتحاد کی سرحدوں کی حفاظت کرنے میں معاونت فراہم کرتی ہے۔ کئی افراد ان سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہیں، جن میں یورپی اتحاد میں داخلے کے وقت آپ کا ڈیٹا ریجسٹر کرنے والے اور آپ کی انگلیوں کے نشانات حاصل کرنے والے افسران کے علاوہ، ترجمان، کتوں کے ساتھ کام کرنے والے افراد، اپنے ملک واپس بھجوائے جانے والے افراد کے حفاظتی دستے، ڈاکٹر اور ثقافتی ایجنٹس شامل ہیں۔ ان تمام افراد کے لئے آپ کے بنیادی حقوق کا احترام کرنا لازمی ہے۔ اگر وہ ایسا نہ کریں تو آپ ان کی شکایت درج کرسکتے ہیں۔

# شکایات کون درج کرواسکتا ہے؟

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کسی بھی ایجنسی کی سرگرمی میں حصہ لینے والے کسی بھی شخص نے آپ کے بنیادی حقوق کا احترام نہیں کیا ہو تو آپ شکایت درج کرواسکتے ہیں۔ اس کے لئے عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔

کوئی بھی دوسرا شخص، وکیل یا تنظیم آپ کی نمائندگی کرتے ہوئے آپ کی طرف سے شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

آپ یورپ میں کوئی بھی قانونی حیثیت رکھتے ہوئے شکایت درج کرواسکتے ہیں (مثال کے طور پر آپ اس صورت میں بھی شکایت درج کرواسکتے ہیں اگر آپ کے پاس رہنے کا پرمٹ نہ ہو یا اگر آپ کی پناہ کی درخواست جاری ہو)۔

ایک ہی عمل سے کئی لوگ متاثر ہونے کی صورت میں مشترکہ شکایت درج کروائی جاسکتی ہے۔

## شکایت درج کروانے کا کیا طریقہ ہے؟

شکایت صرف تحریری شکل میں درج کروائی جاسکتی ہے۔ رابطے کی معلومات فراہم کرنا نہ بھولیں۔ اگر آپ شکایت کا فارم کا استعمال کرنا چاہتے ہیں تو یہ فارم ایجنسی کی ویب سائٹ پر کئی مختلف زبانوں میں موجود ہے۔ آپ بذریعہ ای میل یا ڈاک بھی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔

اس شکایت میں تفصیل سے بتائیں کہ آپ کے کن حقوق کی خلاف ورزی ہوئی، کس طرح ہوئی اور کب ہوئی۔ آپ کسی بھی وقت اپنی شکایت کے متعلق اضافی معلومات بھی ارسال کرسکتے ہیں۔ ایجنسی مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کرسکتی ہے۔

آپ اپنی شکایت بذریعہ انٹرنیٹ، ڈاک یا ای میل ارسال کرسکتے ہیں:

**ویب سائٹ:**
https://frontex.europa.eu/fundamental-rights/complaints-mechanism/

**ای میل:**
complaints@frontex.europa.eu

**پتہ:**
Frontex - European Border and Coast Guard Agency
Fundamental Rights Officer
Plac Europejski 6
00-844 Warsaw
Poland

## شکایات درج کرنے کے بعد کیا ہوگا؟

ایجنسی کے بنیادی حقوق کا افسرآپ کی شکایت کا بغور جائزہ لے کر اسے آگے بڑھانے یا نہ بڑھنے کے متعلق فیصلہ کریں گے۔ آپ کی شکایت کو آگے نہ بڑھانے کی صورت میں وہ آپ کو دوسرے طریقوں کے متعلق مطلع کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کریں گے۔

شکایات کے اندراج کے لئے کچھ مخصوص قواعد ہیں جو ایجنسی کی ویب سائٹ پر شکایات درج کرنے کے طریقوں کے متعلق ایجنسی کے قواعد کے حصے میں موجود ہیں۔

آپ کی شکایت پر عمل کرنے کے فیصلے کی صورت میں اسے ایجنسی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو بھیج دیا جائے گا۔ آپ کے کیس میں کسی یورپی اتحاد کی رکن ریاست کے عملے کی شمولیت کی صورت میں آپ کی شکایت کی ایک نقل اس ملک کے حکام کو بھی بھجوائی جائے گی۔ اس کے بعد حکام اس کیس پر تحقیق کرکے بنیادی حقوق کے افسر کو تفصیلات فراہم کریں گے جس کے بعد وہ آپ کو آپ کی شکایت کے حتمی فیصلے کے بارے میں مطلع کردیں گے۔

کیس کی نوعیت کے لحاظ سے شکایت پر عمل کرنے کا دورانیہ مختلف ہوسکتا ہے۔ تاہم یہ ایجنسی آپ کی شکایت کے موثر حل کا عہد رکھتی ہے۔

اگر آپ کی رضامندی شامل ہو تو متعلقہ حکام کو آپ کی ذاتی معلومات (جیسے کہ آپ کا نام، رابطہ کی تفصیلات وغیرہ) فراہم کی جائے گی۔ اسے آپ کی شکایت کی تحقیق کے علاوہ کسی بھی طریقے سے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

آپ اپنی شکایت بیک وقت قومی عدالتوں جیسے دیگر قومی اداروں کو بھی بھجواسکتے ہیں۔ یہ آپ کے حقوق کے تحفظ میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔

FRONTEX

Plac Europejski 6
00-844 Warsaw, Poland
T +48 22 205 95 00
F +48 22 205 95 01

frontex@frontex.europa.eu
www.frontex.europa.eu

© European Border and Coast Guard Agency (Frontex), 2023

Publications Office
of the European Union

FPI 23.0269

PDF
TT-08-23-011-UR-N
ISBN 978-92-9467-877-5
doi:10.2819/577052